## حقائق نامہ: کام کی جگہ کے حقوق کے استعمال کی بنیاد پر انتقامی کارروائی غیر قانونی ہے

وفاقی ایجنسیاں جو ورکرز کے حقوق کے نفاذ کی ذمہ دار ہیں وہ سبھی ورکرز کو استحصال اور خلاف ورزیوں سے تحفظ فراہم کرنے کی کوشش کرتی ہیں، چاہے ان کا نقل وطنی (امیگریشن) کا اسٹیٹس جو بھی ہو۔ تاہم، بہت سے ورکرز، انتقامی کارروائی کے خوف کی وجہ سے اپنے کام کی جگہ کے حقوق کا دعوی کرنے سے رک جاتے ہیں یا انہیں روک دیا جاتا ہے۔ کچھ معاملوں میں، آجرین نقل وطنی کے اسٹیٹس کا غلط استعمال کرکے ورکرز کے ذریعہ ان کے اپنے حقوق کا دعوی کرنے کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں۔ یو. ایس. قوانین عام طور پر آجرین کو ان ورکرز کے خلاف انتقامی کارروائی کو ممنوع قرار دیتے ہیں جو اپنی کام کی جگہ کے حقوق کا استعمال کرتے ہیں، چاہے ورکرز کا نقل وطنی (امیگریشن) اسٹیٹس جو بھی ہو۔ مزدوری اور ملازمت کے قوانین کا مؤثر نفاذ اس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ نفاذ کے عمل کو ان فریقین کے ذریعہ نامناسب استعمال سے روکا جائے جو ورکرز کو اپنے حقوق کے استعمال سے روکنے کی کوشش کرتے ہیں یا جب وہ اپنے حقوق کا استعمال کرتے ہیں تو وہ ان کے خلاف انتقامی کارروائی کرتے ہیں۔ یہ حقائق نامہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ ان ورکرز کے خلاف انتقامی کارروائی جو کام کی جگہ پر اپنے حقوق کا دعوی کرتے ہیں، غیر قانونی ہے، چاہے ورکرز کا نقل وطنی (امیگریشن) کا اسٹیٹس جو بھی ہو۔

### فیئر لیبر اسٹینڈرڈ ایکٹ کے تحت انتقامی کارروائی

فیئر لیبر اسٹینڈرڈ ایکٹ (FLSA) امریکہ میں بہت سے ورکرز کے لیے کم از کم اجرت اور اوورٹائم کے تحفظات کا تعین کرتا ہے اور اس کا نفاذ یو۔ایس ڈپارٹمنٹ آف لیبر کے اجرت اور اوقات ڈویژن کے ذریعہ ہوتا ہے۔ FLSA کسی بھی ایسے فرد کے خلاف بھی انتقامی کارروائی کو ممنوع قرار دیتا ہے جس نے ڈپارٹمنٹ یا آجر کے پاس کوئی شکایت درج کرائی ہو (زبانی یا تحریری طور پر) یا جس نے FLSA کی تحقیق میں تعاون کیا ہو۔ ورکرز کو انتقامی کارروائی سے تحفظ فراہم کرنا اور اس بات کو یقینی بنانا کہ انہیں اپنے حقوق کے استعمال میں کوئی خطرہ یا دھمکی کا سامنا نہ کرنا پڑے، اجرت اور اوقات ڈویژن کے لیے ایک اولین ترجیح ہے۔

وہ ورکرز جن کے پاس کام کرنے کا اجازت نامہ نہیں ہے وہ دیگر ورکرز کی طرح ہی **FLSA** کے تحت اپنے کام کے لیے کم از کم مزدوری کے حقدار ہیں۔ کسی آجر کے لیے یہ غیر قانونی ہے کہ وہ کم از کم مزدوری یا اوورٹائم کا دعوی کرنے کی وجہ سے (جس میں ادائیگی کے مسائل جیسے کہ کٹوتیاں یا ٹپس شامل ہو سکتے ہیں) یا **FLSA** کی کسی تحقیق میں تعاون کرنے کی وجہ سے انتقامی نیت سے ورکرز کو برخاست کر دے یا کسی بھی طرح سے ان کے ساتھ امتیازی سلوک کرے۔ ان تحفظات کا اطلاق نقل وطنی (امیگریشن) کے اسٹیٹس سے قطع نظر ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر، کسی آجر کے لیے یہ غیر قانونی ہوگا کہ وہ مزدوری سے متعلق کوئی دعوی دائر کرنے کی وجہ سے بطور انتقام کارروائی کسی غیر اندراج شدہ ورکر کے بارے میں امیگریشن حکام کو اطلاع دے۔ انتقامی خلاف ورزیوں کی کچھ تدابیر بغیر اجازت نامہ والے ورکرز تک محدود ہو سکتی ہیں۔

مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی اجرت اور اوقات ڈویژن کا حقائق نامہ نمبر *FLSA*: 77A *کے تحت انتقامی کارروائی کی ممانعت* ملاحظہ فرمائیں یا اجرت اور اوقات ڈویژن کی یہ ویب سائٹ دیکھیں: http://www.wagehour.dol.gov اجرت کی خلاف ورزیوں یا انتقامی کارروائی سے متعلق کوئی شکایت درج کرانے کے لیے، ٹول فری نمبر 1-866-4USWAGE (1-866-487-9243) کی معلومات اور ہیلپ لائن پر فون کریں جو کہ آپ کے ٹائم زون میں صبح 8 بجے سے لیکر شام 5 بجے تک دستیاب ہے۔ زبان کی سروسز دستیاب ہیں اور کالز رازدارانہ رہتی ہیں۔

### پیشہ ورانہ سلامتی اور ہیلتھ ایڈمنسٹریشن کے ذریعہ نافذ کردہ قوانین کے تحت انتقامی کارروائی

یو۔ایس ڈپارٹمنٹ آف لیبر کا پیشہ ورانہ سلامتی اور ہیلتھ ایڈمنسٹریشن (OSHA) پیشہ ورانہ سلامتی اور ہیلتھ (OSH) ایکٹ کے تحت کام کی جگہ کی سلامتی اور صحت کے معیار اور ضوابط اور ورکرز کے دیگر حقوق کا نفاذ کرتا ہے۔ OSH ایکٹ آجروں کو OSH ایکٹ کے تحت اس بات سے منع کرتا ہے کہ وہ ملازمین کے خلاف اپنے حقوق کے استعمال کی وجہ سے انتقامی کارروائی کریں۔ ان حقوق میں شامل ہے ایک OSHA شکایت درج کرانا، کسی تفتیش میں حصہ لینا یا کسی انسپکٹر سے بات کرنا، آجر کے انکشاف اور چوٹ لگنے کے واقعات کے ریکارڈز تک رسائی حاصل کرنا، کسی بھی ضرر کی اطلاع دینا اور آجر سے کسی سلامتی یا صحت کی شکایت کرنا۔ ایک آجر کے لیے یہ غیر قانونی ہے کہ وہ OSH ایکٹ کا دعوی کرنے یا OSHA کی کسی تحقیق میں تعاون کرنے کی

وجہ سے ورکرز کو برخاست کر دے یا ان سے انتقام لے، چاہے امیگریشن کا اسٹیٹس جو بھی ہو۔ اس کے علاوہ، OSHA اطلاع دہی سے متعلق دیگر ان 21 قوانین کی دفعات نافذ کرتا ہے جو ان ملازمین کا تحفظ کرتے ہیں جو ماحولیاتی اور نیوکلیئر سیفٹی، ٹرانسپورٹیشن انڈسٹری، اور صارفین اور سرمایہ کاروں کے تحفظ سے متعلق رپورٹ فراہم کرتے ہیں۔ وہ ورکرز جن کے پاس کام کرنے کا اجازت نامہ نہیں ہے، وہ OSHA کے ذریعہ نافذ کیے گئے انتقام مخالف دفعات کے تحفظ میں ہیں، اگرچہ انہیں دستیاب چارہ جوئی کی کچھ حدیں ہو سکتی ہیں۔

مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی OSHA کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: http://www.whistleblowers.gov (جوکہ ہسپانوی زبان میں بھی اس ویب سائٹ پر دستیاب ہے (http://www.whistleblowers.gov/index_sp.html۔ کام کی جگہ پر سلامتی سے متعلق کوئی شکایت درج کرانے کے لیے اس ویب سائٹ پر جائیں:
http://www.osha.gov/pls/osha7/eComplaintForm.html (جوکہ اس ویب سائٹ پر ہسپانوی زبان میں بھی دستیاب ہے http://www.osha.gov/pls/osha7/ecomplaintform_sp.html)؛ انتقامی کارروائی سے متعلق کوئی شکایت درج کرانے کے لیے برائے مہربانی اس سائٹ کا ملاحظہ کریں: http://www.whistleblowers.gov/complaint_page.html (یہ اس ویب سائٹ پر ہسپانوی میں بھی دستیاب ہے http://www.whistleblowers.gov/complaint_page_sp.html )۔

**فیڈرل کانٹریکٹ کمپلائنس پروگرام کے ڈپارٹمنٹ آف لیبر آفس کے ذریعہ نافذ کردہ روزگار کے مساوی مواقع سے متعلق قوانین کے تحت فیڈرل کانٹریکٹرز (وفاقی ٹھیکداران) کے ذریعہ انتقامی کارروائی**

آفس برائے فیڈرل کانٹریکٹ کمپلائنس پروگرام (OFCCP) ان قوانین کو نافذ کرتا ہے جو فیڈرل کانٹریکٹرز (وہ کمپنیاں جو مرکزی حکومت کے ساتھ کاروبار کررہی ہیں) کے ذریعہ ملازمت میں ذات، رنگ، مذہب، جنس (بشمول حمل اور اس سے متلعق طبی حالات)، جنسی شناخت (بشمول ٹرانسجینڈر اسٹیٹس)، جنسی میلان، ملکی نزاد، معذوریت یا تحفظ یافتہ سابق فوجی والی حیثیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ OFCCP کے ذریعہ نافذ کردہ یہ سبھی قوانین لوگوں (درخواست دہندگان، ملازمین، یا سابقہ ملازمین) کو نوکری سے نکالنے، تنزلی کرنے، حراساں کرنے یا کسی طرح سے ان سے انتقام لینے کو غیر قانونی قرار دیتے ہیں اس بنیاد پر کہ انہوں نے OFCCP کے پاس امتیازی سلوک کی شکایت دراج کرائی، اس بنیاد پر کہ انہوں نے ملازمت سے متعلق اپنے آجر یا دیگر لوگوں سے امتیازی سلوک کی شکایت کی، یا اس بنیاد پر کہ انہوں نے کسی ایسی سرگرمی میں شرکت کی جس کا تعلق ان قوانین کے نفاذ سے ہے جو OFCCP کے ذریعہ نافذ کئے گئے ہیں (جیسے کہ کسی شکایت کی تحقیق یا کانٹریکٹر کا ضابطہ کی تعمیل سے متعلق تخمینہ) یا کسی بھی ایسی سرگرمی میں جس کا تعلق کسی دیگر قانون، مرکزی، ریاستی یا مقامی قانون سے ہو جو ملازمت کے مساوی موقع کا تقاضہ کرے۔ OFCCP کے نافذ کردہ قوانین کے تحت غیر قانونی انتقام میں شامل ہو سکتا ہے کوئی بھی عمل جو کسی معقول ورکر کو امتیازی سلوک کی شکایت کرنے سے روکتا ہو۔ ان قوانین کا اطلاق ہر فرد پر ہوتا ہے، اس کے امیگریشن اسٹیٹس سے قطع نظر، اگرچہ ان ورکرز کے لیے کچھ تدارک محدود ہو سکتے ہیں جن کے پاس کام کرنے کا اجازت نامہ ہے۔

مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی OFCCP کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں http://www.dol.gov/ofccp یا ٹول فری ہیلپ ڈیسک لائن 1-800-397-6251 پر فون کریں۔ امتیازی سلوک یا انتقامی کارروائی کے خلاف کوئی شکایت درج کرانے کے لیے، شکایت فارم مکمل کریں، جو کہ OFCCP کی ویب سائٹ پر متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

**سول حقوق ایکٹ کے عنوان VII کے تحت، سول رائٹس(دیوانی حقوق) ایکٹ، مساوی ادائیگی ایکٹ، ملازمت میں عمر سے متعلق امتیاز کا ایکٹ، معذور امریکیوں سے متعلق ایکٹ، اور جینیاتی معلومات کی عدم امتیاز سے متعلق ایکٹ کے تحت انتقامی کارروائی**

ملازمت کے مساوی موقع کا کمیشن (EEOC) ان قوانین کا نفاذ کرتا ہے جو آجروں، ملازمت کی ایجنسیوں یا لیبر یونین کے ذریعہ ذات، رنگ، مذہب، جنس (بشمول حمل اور اس سے وابستہ حالات، جنس کی شناخت (بشمول ٹرانسجینڈر(مخنث) اسٹیٹس) اور جنسی میلان)، ملکی نژاد، عمر (40 یا اس سے زیادہ)، معذوریت یا جینیاتی معلومات کی بنیاد پر ملازمت میں امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ EEOC کے ذریعہ نافذ کردہ یہ سبھی قوانین لوگوں (درخواست دہندگان، ملازمین، یا سابقہ ملازمین) کو نوکری سے نکالنے، تنزلی کرنے، حراساں کرنے یا کسی طرح سے ان سے انتقام لینے کو غیر قانونی قرار دیتے ہیں اس بنیاد پر کہ انہوں نے EEOC کے پاس امتیازی سلوک کی شکایت دراج کرائی، اس بنیاد پر کہ انہوں نے ملازمت سے متعلق اپنے آجر یا دیگر لوگوں سے امتیازی سلوک کی شکایت کی، یا اس بنیاد پر کہ انہوں نے ملازمت میں امتیازی سلوک کی سماعت میں شرکت کی (جیسے کہ کوئی تفتیش یا قانونی مقدمہ)۔ EEOC کے نافذ کردہ قوانین کے تحت غیر قانونی انتقام میں شامل ہے کوئی بھی عمل جو ایک معقول ورکر کو امتیازی سلوک کی شکایت کرنے سے روکے۔ ان قوانین کا اطلاق ہر فرد پر ہوتا ہے، اس کے امیگریشن اسٹیٹس سے قطع نظر، اگرچہ ان ورکرز کے لیے کچھ تدارک محدود ہو سکتے ہیں جن کے پاس کام کرنے کا اجازت نامہ ہے۔

مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی EEOC کی ویب سائٹ پر جائیں: http://www.eeoc.gov امتیازی سلوک یا انتقام کا کوئی الزام درج کرانے کے لیے آپ کو اپنے قریبی EEOC آفس سے رابطہ کرنا چاہئے یا اس نمبر پر فون کرنا چاہئے: 1-800-669-4000

اس کے علاوہ، آپ اس ویب سائٹ پر ایک آن لائن تشخیص مکمل کر سکتے ہیں http://www.eeoc.gov/employees/howtofile.cfm

**نیشنل لیبر ریلیشنز ایکٹ کے تحت انتقام کارروائی**

نیشنل لیبر ریلیشنز بورڈ (NLRB) نیشنل لیبر ریلیشنز ایکٹ (NLRA) کا نفاذ کرتا ہے، جو کسی لیبر آرگنائزیشن (یونین) تشکیل دینے، شمولیت اختیار کرنے، توثیق واپس لینے یا تعاون کرنے میں، اور اجتماعی طور پر اپنے نمائندگان کے توسط سے ایسی سرگرمیوں کے انتخاب کی سودا بازی میں یا ان سے باز رہنے میں زیادہ تر پرائیویٹ سیکٹر کے ورکرز کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔ ملازمین ساتھ مل کر کسی یونین کے بغیر ملازمت کی شرائط و ضوابط کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ قوانین آجروں کو اجتماعی سودا بازی کرنے کے لیے کوئی لیبر آرگنائزیشن تشکیل دینے، شمولیت کرنے یا اس میں تعاون کرنے کے لیے حقوق کے استعمال میں ملازمین کے ساتھ مداخلت کرنے سے روکتا ہے یا ساتھ مل کر ملازمت کی شرائط و ضوابط میں سدھار پیدا کرنے سے یا ایسی کسی سرگرمی سے باز رہنے سے روکتا ہے۔ اسی طرح، لیبر آرگنائزیشن ان حقوق کے استعمال میں ملازمین کے ساتھ مداخلت نہیں کر سکتا ہے۔

وہ ورکرز جن کے پاس کام کی اجازت نہیں ہے وہ NLRA کے تحفظ اور انتقام سے تحفظ کے دائرے میں ہیں، جس میں انتقامی کارروائی کے خلاف تحفظ شامل ہے۔ تاہم، دوبارہ تقرری اور بقایا تنخواہ کی ادائیگی ان ملازمین کے لیے قانونی تدارک کے طور پر دستیاب نہیں ہیں جن کے پاس کام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ مندرجہ ذیل سیکشن ملاحظہ فرمائیں،*کیا وہ ورکرز جن کے پاس کام کرنے کا اجازت نامہ نہیں ہے وہ بقایا تنخواہ کے حقدار ہیں؟*

اضافی معلومات کے لیے، برائے مہربانی NLRB کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں: http://www.nlrb.gov کسی آجر یا لیبر آرگنائزیشن کے خلاف خلاف ورزی یا انتقام کا الزام درج کرانے کے لیے، آپ کے پاس متعدداختیارات ہیں۔ آپ اس ٹول فری معلومات لائن (6572) 667-NLRB 866-1 پر فون کر سکتے ہیں، جو آپ کو کسی مقامی NLRB فیلڈ افسر کے پاس ٹرانسفر کرے گا۔ آپ کسی مقامی NLRB فیلڈ افسر سے اس کے معمول کے کاروباری اوقات میں بھی مل سکتے ہیں یا کسی الزام کو کسی مقامی NLRB فیلڈ افسر کو بذریعہ ای میل بھیج سکتے ہیں۔ آپ کو رابطہ کی معلومات اور کام کے اوقات والی ایک NLRB فیلڈ افسر کی ڈائریکٹری اس ویب سائٹ پر حاصل ہو سکتی ہے: https://www.nlrb.gov/who-we-are/regional-offices اور الزام کا فارم اس ویب سائٹ پر حاصل ہو سکتا ہےhttps://www.nlrb.gov/resources/forms آپ NLRB کی اس ویب سائٹ کے ذریعہ بھی کوئی الزام ای فائل کر سکتے ہیں: https://apps.nlrb.gov/eservice/efileterm.aspx?app=chargeandpetition

**امیگریشن اور نیشنلیٹی ایکٹ اور مخصوص نان امیگرینٹ ویزا پروگرام کے تحت انتقامی کارروائی**

یو. ایس. محکمہ جسٹس کے سول رائٹس ڈویژن میں امیگریشن سے وابستہ غیر منصفانہ ملازمت کے عمل کے اسپیشل کاونسل کا آفس (OSC) امیگریشن اور نیشنلیٹی ایکٹ (INA) کے تعصب مخالف دفعات کا نفاذ کرتا ہے۔ یہ دفعات آجروں کو ملازمت پر رکھنے یا ملازمت سے برخاستگی یا بھرتی کرنے یا شہریت یا امیگریشن اسٹیٹس کی بنیاد پر کسی فیس کے بدلے سفارش کرنے میں امتیازی سلوک کرنے سے منع کرتی ہے؛ EEOC کے دائرہ اختیار کے باہر والے آجرین کے ذریعہ ملازمت پر رکھنا، ملازمت سے برخاست کرنا یا بھرتی کرنا یا ملکی نژاد کی بنیاد پر کسی فیس کے بدلے سفارش کرنا؛ ملکی نژاد یا شہریت کے اسٹیٹس کی بنیاد پر کسی ورکر کی ملازمت کی اہلیت کی تصدیق کے عمل میں امتیازی سلوک برتنا (فارم I-9 اور E تصدیق عمل)؛ اور ان افراد کے خلاف انتقام یا دھمکی جو OSC کے پاس الزام درج کراتے ہیں، OSC کی کسی تحقیق میں تعاون کرتے ہیں، اس عمل کا مقابلہ کرتے ہیں جو قانون کی خلاف ورزی کر سکتا ہے، یا INA کی تعصب مخالف دفعہ کے تحت اپنی طرف سے یا دوسروں کی طرف سے حقوق کا دعوی کرتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے، OSC کی ورکر ہاٹ لائن کو اس نمبر1-800-255-7688 پر صبح 9 بجے سے لیکر شام 5 بجے مشرقی وقت تک فون کریں، (سماعت میں خرابی کے لیے ٹی ٹی وائی: 1-800-237-2515) فون کرنے والے گمنام رہ سکتے ہیں اور زبان کی سروسز دستیاب ہیں۔ آپ OSC سے متعلق اور اس قانون سے متعلق جس کو یہ نافذ کرتا ہے اس ویب سائٹ کو بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں http://www.justice.gov/crt/about/osc۔ کوئی الزام درج کرانے سے متعلق مزید معلومات کے لیے، یہ ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں: http://www.justice.gov/crt/filing-charge

مزدور کی اجرت اور اوقات کا ڈویژن H-1B (اعلٰی مہارت والے عارضی مزدور)، H-2A (عارضی زرعی ورکرز)، اور H-2B (عارضی غیر زرعی ورکرز) نان امیگرینٹ ویزا پروگرام میں ورکر کے تحفظات کا نفاذ کرتا ہے۔ H-2A ورکرز اور H-2B ورکرز کے آجرین عام طور پر کسی بھی ایسے فرد کو ڈرا نہیں سکتے، دھمکی نہیں دے سکتے، منع نہیں کر سکتے ، مجبور نہیں کر سکتے، بلیک لسٹ نہیں کر سکتے ، خارج نہیں کر سکتے یا کسی بھی طرح کا امتیازی سلوک نہیں کر سکتے ہیں جس نے کوئی شکایت درج کرائی ہے، کسی مقدمہ میں گواہی دی ہے یا دینے والا ہے، اٹارنی یا قانونی تعاون پروگرام سے مشورہ کیا ہے، یا ان پروگراموں یا INA کے تحت اپنی طرف سے یا دوسروں کی طرف کسی بھی حق یا تحفظ کا استعمال یا دعوی کیا ہو۔ آجرین ان H-1B ورکرز سے

انتقام نہیں لے سکتے ہیں یا امتیازی سلوک نہیں کر سکتے ہیں جو خلاف ورزیوں کا انکشاف کرتے ہیں یا پروگرام کے ضابطہ کی کمپنی کی تعمیل سے متعلق مقدمات میں تعاون کرتے ہیں۔

نان ایمیگرینٹ ویزا پروگراموں میں انتقام سے متعلق کوئی شکایت درج کرانے کے لیے، اس ٹول فری معلومات اور ہیلپ لائن پر فون کریں، جوکہ آپ کے ٹائم زون میں صبح 8 بجے سے لیکر شام 5 بجے تک دستیاب ہے (1-866-487-9243) 1-866-4USWAGE زبان کی سروسز دستیاب ہیں اور کالز رازدارانہ رہتی ہیں۔

**کیا وہ ورکرز جن کے پاس کام کرنے کا اجازت نامہ نہیں ہے، وہ بقایا تنخواہ کے حقدار ہیں؟**

"بقایا تنخواہ" میں عام طور پر دو قسم کی اجرتیں شامل ہیں: (a) کئے گئے کام کے لیے کمائی گئی اجرت، اور (b) اس کام کے لیے ادا کردہ اجرتیں جو انجام دیا گیا ہوتا اگر ورکر کو غیر قانونی طریقہ سے برخاست نہیں کیا گیا ہوتا۔ وہ ورکرز جن کے پاس کام کا اجازت نامہ نہیں ہے وہ ہمیشہ بقایا تنخواہ کی پہلی قسم کے حقدار ہیں، یا وہ ان اجرتوں کے حقدار ہیں جو انہوں نے کئے گئے کام کے لیے کمائی ہیں، اور دیگر مخصوص تدابیر کے حقدار جو لیبر اور ملازمت قوانین کے تحت مناسب ہو۔

بقایا تنخواہ کی دوسری قسم کی کچھ حدیں ہیں، ان ورکرز کی مزدوریوں کی کچھ حدیں ہیں جن کے پاس کام کرنے کی اجازت نہیں ہے اس کام سے متعلق جس کو انجام نہیں دیا گیا ہے۔ یو. ایس. سپریم کورٹ نے *ہوفمین پلاسٹک کمپاونڈز، انک بنام NLRB، 535 U.S. 137 (2002) میں فیصلہ سنایا کہ NLRB* کسی ایسے غیرمجاز ورکر کو بقایا تنخواہ کی ادائیگی نہیں کرسکتا ہے جسے کسی ایسے یونین میں شامل ہونے کے لیے غیر قانونی طریقے سے بطور انتقام برخاست کردیا گیا ہے جو ایسے کام کی مہم کا انعقاد کررہا ہو جو انجام دیئے جاتے اگر ورکر کو غیر قانونی طریقے سے نہیں نکالیا گیا ہوتا۔ اس کے برعکس، اگر کام کے اجازت نامہ یافتہ کسی ورکر کو غیر قانونی طریقے سے برخاست کردیا جاتا ہے تو وہ اس ورکر کو عام طور پر اس کام کے لیے بقایا تنخواہ کی ادائیگی کی جا سکتی ہے جس کو کیا جاتا اگر ورکر کو برخاست نہیں کیا گیا ہوتا۔ ایک ورکر ہمیشہ اس کام کی ادائیگی کا حقدار ہوتا ہے جس کو اس نے حقیقت میں کیا ہے، چاہے اس کا امیگریشن اسٹیٹس جو بھی ہو۔

تدابیر سے متعلق مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی ملاحظہ فرمائیں:

NLRB کا جنرل کاؤنسل میمورینڈا:

- GC 15-03 امیگریشن اسٹیٹس کے مسائل کے ازالے میں تازہ کاروائیاں جو مزدوروں کی غیر منصفانہ روش سے متعلق قانونی چارہ جوئی کے دوران اجاگر ہوتے ہیں
- GC 98-15امتیازی سلوک کے شکار ان افراد کے لیے دوبارہ تقرری اور بقایا تنخواہ کی ادائیگی جو حالیہ بورڈ اور کورٹ کے تدارک کی روشنی میں غیر دستاویز بند غیرملکی ہو سکتے ہیں
- GC 02-06امتیازی سلوک کے شکار ان افراد کے لیے کاروائیاں اور تدارک جو *ہوفمین پلاسٹک کمپاونڈ، انک کے بعد غیر دستاویز بند غیر ملکی ہو سکتے ہیں۔*

یو. ایس. محکمہ برائے لیبر، مزدوری اور اوقات ڈویزن، حقائق نامہ نمبر 48: *ایمیگرنٹ ورکرز پر یو. ایس. لیبر قوانین کا اطلاق: اجرت اور اوقات ڈویژن کے ذریعہ نافذ کردہ قوانین سے متعلق ہوفمین پلاسٹک فیصلہ کا اثر*

آخری تجدید: 10 دسمبر 2015